SET-1

Series HFG1E/5

Q.P. کوڈ
Q.P. Code **251/5/1**

رول نمبر
Roll No.

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| | | | | | | | |

امیدوار Q.P. کوڈ کو جوابی کاپی کے سرورق پر ضرور لکھیں۔
Candidates must write the Q.P. Code on the title page of the answer-book.

# معاشیات (تھیوری)

# ECONOMICS (Theory)

(Urdu Version)

مقررہ وقت : 3 گھنٹے
*Time allowed : 3 hours*

کل نمبر : 80
*Maximum Marks : 80*

- آپ جانچ لیجیے کہ اس سوالنامے میں چھپے صفحات کی تعداد 15 ہے۔
- پرچہ کے داہنی طرف چھپا Q.P. کوڈ نمبر طالب علم کو اپنی جوابی کاپی کے ٹائٹل صفحہ پر لکھنا ہے۔
- آپ دیکھ لیجیے کہ سوالنامے میں چھپے سوالات کی تعداد 34 ہے۔
- **کسی بھی سوال کا جواب لکھنے سے پہلے سوال کا نمبر ضرور جوابی کاپی میں لکھیں۔**
- سوالنامہ پڑھنے کے لیے 15 منٹ کا وقت دیا گیا ہے۔ سوالنامہ صبح 10.15 بجے تقسیم کیا جائے گا۔ 10.15 سے 10.30 بجے تک طلباء صرف سوالنامہ پڑھیں گے اور اس وقفے کے دوران وہ جوابی کاپی پر کچھ نہیں لکھیں گے۔

- Please check that this question paper contains **15** printed pages.
- Q.P. Code given on the right hand side of the question paper should be written on the title page of the answer-book by the candidate.
- Please check that this question paper contains **34** questions.
- **Please write down the serial number of the question in the answer-book before attempting it.**
- 15 minute time has been allotted to read this question paper. The question paper will be distributed at 10.15 a.m. From 10.15 a.m. to 10.30 a.m., the candidates will read the question paper only and will not write any answer on the answer-book during this period.

**عام ہدایات:**

**درج ذیل ہدایات کو غور سے پڑھیے اور ان پر عمل کیجیے:**

(i) اس سوال نامے میں 34 سوالات ہیں۔ **تمام** سوالات لازمی ہیں۔

(ii) اس سوالنامے کے **دو** حصے ہیں:

**حصہ A** – کلاں معاشیات

**حصہ B** – ہندوستانی معیشت کی ترقی

(iii) اس پرچے میں کثیر انتخابی قسم کے **20** سوالات ہیں۔ ہر سوال کا **1** نمبر ہے۔

(iv) اس پرچے میں **4** مختصر جواب کی قسم-I والے سوالات ہیں اور ہر سوال کے **3** نمبر ہیں۔ ہر سوال کا جواب **60** سے **80** الفاظ میں لکھا جانا چاہیے۔

(v) اس پرچے میں **6** مختصر جواب کی قسم-II والے سوالات ہیں۔ اور ہر سوال کے **4** نمبر ہیں۔ ہر سوال کا جواب **80** سے **100** الفاظ میں لکھا جانا چاہیے۔

(vi) اس پرچے میں **4** طویل جواب کی قسم والے سوالات ہیں اور ہر سوال کے **6** نمبر ہیں۔ ہر سوال کا جواب **100** سے **150** الفاظ میں لکھا جانا چاہیے۔

(vii) ہر ایک سوال کے **تمام** حصوں کا جواب ایک ساتھ لکھیں۔

## حصہ – A

## (کلاں معاشیات)

.1 ”زر (Money) ایسا اثاثہ ہے، جس کا ذخیرہ مستقبل میں استعمال کے لیے کیا جا سکتا ہے۔“ **1**

دیے گئے بیان کی روشنی میں زر کے استعمال کی پہچان کیجیے: (صحیح متبادل کا انتخاب کیجیے)

(a) قدر کا پیمانہ

(b) تاخیر شدہ ادائیگی کا معیار

(c) قدر کا ذخیرہ

(d) تبادلے کا ذخیرہ

2. ''بین الاقوامی منڈی میں ہندوستانی کرنسی (₹) کی فرسودگی کو مدِ نظر رکھتے ہوئے، ریزرو بینک آف انڈیا (RBI) نے کھلے بازار میں ہندوستانی کرنسی (₹) کو خریدنے کا فیصلہ کیا ہے۔''

یہ ________ شرح مبادلہ نظام کی نمائندگی کرتا ہے۔ (صحیح متبادل کے ذریعے خالی جگہ کو پُر کیجیے) 1

(a) فکسڈ (b) لچکدار

(c) زیرِ انتظام تیرتی (d) ہیر فیر

3. مندرجہ ذیل بیانات کو غور سے پڑھیں: 1

**بیان 1 :** کسی دو سیکٹروں والی معیشت کے ماڈل میں، صرف خرچ اور سرمایہ کاری خرچ مجموعی مانگ کے دو عوامل ہیں۔

**بیان 2 :** مجموعی مانگ منحنی مثبت ڈھلان والے نقطہ آغاز سے شروع ہوتا ہے۔

دیے گئے بیانات کی روشنی میں مندرجہ ذیل سب سے صحیح متبادل کا انتخاب کیجیے:

(a) بیان 1 صحیح اور بیان 2 غلط ہے۔

(b) بیان 1 غلط اور بیان 2 صحیح ہے۔

(c) بیان 1 اور بیان 2 دونوں صحیح ہیں۔

(d) بیان 1 اور بیان 2 دونوں غلط ہیں۔

4. ادائیگی توازن میں 'خسارہ' سے مراد ________ پر زیادتی سے ہے۔ (صحیح متبادل کا انتخاب کریں) 1

(a) چالو کھاتہ ادائیگی کی پونجی کھاتہ وصولیاں

(b) پونجی کھاتا ادائیگی کی پونجی کھاتہ وصولیاں

(c) خود مختارانہ ادائیگی کی خود مختارانہ وصولیاں

(d) اکامڈ یٹنگ ادائیگی کی اکامڈ یٹنگ وصولیاں

5. (A) کالم I اور II میں دیے گئے بیانات میں سے صحیح جوڑ (pair) کا انتخاب کریں۔ 1

| | کالم – I | | کالم – II |
|---|---|---|---|
| A. | نجی باغیچے میں اگائی گئی سبزیاں | (i) | ناقابل بازاریابی سرگرمی |
| B. | ٹیکسی کے طور پر استعمال کی گئی کار | (ii) | صارف شے |
| C. | کسی خانہ دار کے استعمال میں لایا گیا ایرکنڈیشننگ آلہ | (iii) | سرمایہ نما شے |
| D. | کسی طالب علم کو ملنے والا سرکاری وظیفہ | (iv) | عامل آمدنی |

**متبادلات:**

(a) A – (i)    (b) B – (ii)
(c) C – (iii)    (d) D – (iv)

**یا**

(B) مندرجہ ذیل جدول کو مکمل کریں: 1

| پیداکار (Producer) | پیداوار کی قیمت | درمیانی صرف | قیمت میں اضافہ |
|---|---|---|---|
| کسان | 2000 | – | 2000 |
| نان بائی (Baker) | .....(i)..... | 2000 | 2000 |
| خردہ فروش | 4,400 | ....(iii).... | 400 |
| **میزان:** | ....(ii).... | 6,000 | ....(iv).... |

**متبادلات:**

(a) 4000, 10400, 4000, 4000    (b) 4000, 10400, 4000, 4400
(c) 2000, 6000, 6000, 4400    (d) 4000, 10400, 6000, 4000

6. (A) اگر کسی معشیت میں، سرمایہ کاری ضارب 4 اور خود مختارانہ صرف 30 کروڑ روپے ہے، تو متعلقہ صرف کا تفاعل ________ ہوگا۔ (صحیح متبادل کے ذریعے خالی جگہ کو پُر کیجیے) 1

(a) C = 30 + 0.75 Y    (b) C = (–) 30 + 0.25 Y
(c) C = 30 + 0.25 Y    (d) C = (–) 30 – 0.25 Y

**یا**

(B) اگر قومی آمدنی میں اضافہ بچت میں اضافے کے مساوی ہے، تو حاشیائی میلانِ صرف (MPC) کی قدر ______ ہوگی : (صحیح متبادل کے ذریعے خالی جگہ کو پُر کیجیے) 1

(a) ایک کے مساوی (b) ایک سے زیادہ

(c) ایک سے کم (d) صفر کے برابر

7. مندرجہ ذیل بیانات کو غور سے پڑھیں: 1

**بیان 1** : ہندوستان میں فراہمیٔ زر ($M_1$) میں، کمرشیل بینکوں کے پاس مانگ جمعیں شامل نہیں ہوتے ہیں۔

**بیان 2** : فراہمیٔ زر سے مراد، کسی مخصوص مدت کے دوران کمرشیل بینکوں کے پاس دستیاب اثاثہ ہے۔

دیے گئے بیانات کی روشنی میں صحیح متبادل کا انتخاب کریں:

(a) بیان 1 صحیح اور بیان 2 غلط ہے۔ (b) بیان 1 غلط ہے اور بیان 2 صحیح ہے۔

(c) بیان 1 اور بیان 2 دونوں صحیح ہیں۔ (d) بیان 1 اور بیان 2 دونوں غلط ہیں۔

8. (A) فرض کیجیے، ایک برطانوی پاونڈ (£) کی قیمت، بازاری قوتوں کی وجہ سے، ₹ 70 سے بڑھ کر ₹ 80 ہوگئی ہے۔

اس کا مطلب یہ ہے کہ ہندوستانی کرنسی (₹) کی ______ (صحیح متبادل کا انتخاب کریں) 1

(a) قدر بڑھ گئی ہے۔ (b) فرسودگی ہوئی ہے۔

(c) قدر کا دوبارہ تعین کیا گیا ہے۔ (d) قدر گر گئی ہے۔

یا

(B) فرض کیجیے، ملک X میں ملک Y کے مقابلے میں افراطِ زر زیادہ ہے۔ ایسی حالت میں، دیگر باتیں مساوی رہنے پر مندرجہ ذیل میں سے زیادہ امکانی صورتِ حال کون سی ہو سکتی ہے؟ 1

(a) ملک X میں فاضل توازنِ تجارت (b) ملک X کے لیے خساراتی توازنِ تجارت

(c) ملک X سے ملک Y کی برآمدات میں اضافہ (d) ملک Y کے لیے خساراتی توازنِ تجارت

9. نیچے دیے گئے متبادلات میں سے ایک متبادل کا انتخاب کریں: 1

دعویٰ (A) : مکمل روزگار سے غیر مطلوب بے روزگاری کا فقدان ہے۔

سبب (R) : مکمل روزگار کی حالت میں، مقررہ مزدوری شرح پر سبھی باصلاحیت اور خواہش مند افراد کو روزگار ملتا ہے۔

متبادلات:

(a) دعویٰ (A) اور سبب (R) دونوں صحیح ہیں اور سبب (R)، دعویٰ (A) کی صحیح وضاحت ہے۔

(b) دعویٰ (A) اور سبب (R) دونوں صحیح ہیں اور سبب (R)، دعویٰ (A) کی صحیح وضاحت نہیں ہے۔

(c) دعویٰ (A) صحیح ہے، لیکن سبب (R) غلط ہے۔

(d) دعویٰ (A) غلط ہے، لیکن سبب (R) صحیح ہے۔

10. کسی معیشت میں حاشیائی بچت سپلائی (MPS) کی قدر 0.25 ہے۔ اگر سرمایہ کاری میں اضافہ ₹ 200 کروڑ ہے، تو آمدنی میں اضافے کی قدر کیا ہوگی؟ 1

(a) ₹ 200 کروڑ
(b) ₹ 150 کروڑ
(c) ₹ 1,000 کروڑ
(d) ₹ 800 کروڑ

11. فرض کیجیے کسی ملک میں ایک چیز X کی ہی پیداوار ہوتی ہے۔ سال 2018 و 2019 میں چیز X کی پیداوار بالترتیب 100 اور 110 اکائیوں کی تھی۔ ان دو سال میں چیز X کی قیمت ₹ 50 اور ₹ 55 بالترتیب تھی۔

سال 2018 کو اساسی سال مانتے ہوئے، سال 2019 میں حقیقی مجموعی گھریلو پیداوار (GDP) میں فیصد تبدیلی کا حساب لگائیں۔ 3

12. (a) معتبر دلیل کے ساتھ، بیان کریں کہ مندرجہ ذیل بیان درست ہیں یا غلط: 3

(i) بیرونی ممالک میں سرمایہ کاری سے حاصل ڈیویڈنڈ، سرمایہ کھاتے کے کریڈٹ کے کالم میں درج ہوتا ہے۔

(ii) ہندوستانی کرنسی میں فرسودگی سے ہندوستانی درآمدات کی حوصلہ افزائی ہو گی۔

یا

(b) خود مختارانہ لین دین اور اکاموڈیٹنگ لین دین کا فرق بتائیں۔ 3

13. کسی معیشت میں، اگر منصوبہ بند بچت منصوبہ بند سرمایہ کاری سے زیادہ ہے، تو آمدنی، پیداوار اور روزگار پر اُس کے ممکنہ اثر کو بیان کریں۔ 4

14. 6 اگست، 2022 کو 'دی ہندو' میں شائع مندرجہ ذیل خبر کے مطابق:

''ریزرو بینک آف انڈیا کی مانیٹری پالیسی کمیٹی (MPC) نے ریپو شرح میں 50 اساسی نمبروں کا اضافہ کیا ہے۔'' ریزرو بینک آف انڈیا کے اس طرح کے اقدام کے پیچھے کے ممکنہ اسباب اور نتائج کی پہچان اور اُن کا بیان کریں۔ 4

15. (a) حکومت کے ایجنٹ اور صلاح کار کی شکل میں مرکزی بینک کے کردار کی وضاحت کریں۔ 4

یا

(b) معکوس ریپو در کی توضیح کریں۔ مختصراً بیان کریں، یہ دستاویز کس طرح کمرشیل بینکوں کے ذریعے کی گئی ساکھ کی تشکیل کا تعین کرتا ہے۔ 4

16. (a) (I) کسی ملک کی قومی آمدنی کا حساب لگانے میں مندرجہ ذیل کو کس طرح برتا جائے گا؟ معتبر دلائل پیش کریں: 3

(i) ہندوستان میں غیر ملکی بینکوں کے ذریعہ کمایا گیا منافع۔

(ii) ایک فرم کے ذریعے قائم اثاثوں میں سدھار پر خرچ۔

(II) فرض کریں کہ، کسی مالی سال میں ایک ملک کی بازاری شرح مجموعی گھریلو پیداوار (GDP) 1,100 ₹ کروڑ تھی۔ غیر ممالک سے حاصل خالص عامل آمدنی 100 ₹ کروڑ، خالص بالواسطہ ٹیکس 150 ₹ کروڑ اور قومی آمدنی 850 ₹ کروڑ تھی۔ 3

مندرجہ بالا اطلاع کی بنیاد پر فرسودگی کی قدر کا حساب لگائیں۔

یا

(b) (I) ''خرچ طریقہ کار کے ذریعے مجموعی گھریلو پیداوار (GDP) کا تعین کرتے وقت، پوری توجہ ملک کے باشندوں کے ذریعے کیے گئے خرچ پر مرکوز ہوتی ہے۔''


کیا آپ دیے گئے بیان سے متفق ہیں؟ اپنے جواب کی تائید میں معتبر دلائل دیں۔ 3

(II) مندرجہ ذیل اعداد و شمار کی مدد سے گھریلو آمدنی کا حساب لگائیں : 3

| نمبر شمار | مدیں | رقم (₹ کروڑ میں) |
|---|---|---|
| (i) | کرایہ اور رائلٹی | 1,300 |
| (ii) | خالص براہ راست ٹیکس | 200 |
| (iii) | تنخواہ اور مزدوری (نقد و جنس میں) | 1,700 |
| (iv) | میونسپل ٹیکس | 400 |
| (v) | فرسودگی | 400 |
| (vi) | برقرار شدہ آمدنی | 300 |
| (vii) | ڈیویڈنڈ | 400 |
| (viii) | غیر ممالک سے حاصل خالص عامل آمدنی | (–) 120 |
| (xi) | خود روزگاری افراد کی مخلوط آمدنی | 1,400 |
| (x) | اسٹاک میں تبدیلی | (–) 200 |

17. دی گئی تصویر کا غور سے مطالعہ کریں:

**Sources of State and Local government tax revenues for a financial year**




دی گئی تصویر اور عام واقفیت کی بنیاد پر مندرجہ ذیل سوالات کے جواب دیں:

(a) تصویر میں دی گئی مدوں کو ٹیکس / غیر ٹیکس محاصلات میں زمرہ بند کریں۔ 3

(b) "حکومت نے غریبوں کی تعلیم اور صحت جیسی مفت خدمات فراہم کرنے پر زیادہ خرچ کرنا شروع کر دیا ہے۔" 3

مندرجہ بالا بیان کے سیاق میں، اس کی وضاحت کریں کہ 'آمدنی کی نابرابری' کو کم کرنے کے لیے حکومت بجٹ سے متعلق پالیسیوں کا کس طرح استعمال کر سکتی ہے؟

## حصہ - B

## (ہندوستانی معیشت کی ترقی)

18. ہندوستان میں، برطانوی اقتدار کے تحت، ہندوستانی زرعی پیداوار میں ________ کی وجہ سے جمود کا احساس کیا گیا تھا۔

(صحیح متبادل کا انتخاب کریں) 1

(a) دست کاری میں کمی

(b) ہندوستان سے دولت کی نکاسی

(c) اراضی سیٹلمنٹ

(d) ریلوے کی شروعات

.19 (A) پہلے مرحلے میں شروع کیے گئے سبز انقلاب کے دوران پیداوار صرف ________ تک محدود تھی۔
(صحیح متبادل کا انتخاب کریں) 1

(a) اناج اور دالیں
(b) گیہوں اور چاول
(c) کپاس اور پٹ سن
(d) جوار اور باجرا

یا

(B) ________ کو ہندوستانی منصوبہ کے بانی کے طور پر جانا جاتا ہے۔ 1

(a) جواہر لعل نہرو
(b) پی۔سی۔ ملنوبس
(c) ڈاکٹر منموہن سنگھ
(d) ڈاکٹر راجندر پرساد

.20 (A) مندرجہ ذیل بیانات کا غور سے مطالعہ کریں: 1

بیان 1 : 1950 کے دہے میں چین میں عظیم پرولتاری تہذیبی انقلاب کا آغاز ہوا تھا۔

بیان 2 : چین کی ترقی میں خاص طور پر مصنوعات سازی سیکٹر کا ہاتھ ہے۔

دیے گئے بیان کی روشنی میں مندرجہ ذیل میں سے صحیح متبادل کا انتخاب کریں:

(a) بیان 1 صحیح ہے اور بیان 2 غلط ہے۔
(b) بیان 1 غلط ہے اور بیان 2 صحیح ہے۔
(c) بیان 1 اور بیان 2 دونوں صحیح ہیں۔
(d) بیان 1 اور بیان 2 دونوں غلط ہیں۔

یا

(B) مندرجہ ذیل میں سے غلط بیان کی پہچان کریں: (صحیح متبادل کا انتخاب کریں) 1

(a) چین کی معاشی شرحِ نمو پاکستان سے بہتر ہے۔
(b) پاکستان HDI درجہ بندی میں ہندوستان سے پیچھے ہے۔
(c) پاکستان نے 'صرف ایک بچے کی پالیسی' کے معیار کو اپنایا تھا۔
(d) 1991 میں ہندوستان نے جدید معاشی اصلاحات کو اختیار کیا تھا۔

21. ______ وہ اعلیٰ ترین ادارہ ہے، جو دیہی قرضہ جاتی ضروریات سے متعلق پالسیوں کی منصوبہ بندی اور تعین قدر انجام دیتا ہے۔ 1

(a) کوآپریٹیو کریڈٹ سوسائٹیز (b) علاقائی دیہی بنک

(c) خودامدادی گروپس (d) نابارڈ (NABARD)

22. مندرجہ ذیل بیانات کو پڑھیں— دعویٰ (A) اور سبب (R)۔ مندرجہ ذیل میں سے صحیح متبادل کا انتخاب کریں: 1

دعویٰ (A) : 1980 کے عشرے میں پاکستان کی معاشی ترقی کی شرح ہندوستان سے زیادہ تھی۔

سبب (R) : پاکستان نے نجی اور پبلک سیکٹر کی مساوی حصہ داری والی مخلوط معشیت کا راستہ اختیار کیا تھا۔

**متبادلات:**

(a) دعویٰ (A) اور سبب (R) دونوں صحیح ہیں اور سبب (R) دعویٰ (A) کی درست وضاحت ہے۔

(b) دعویٰ (A) اور سبب (R) دونوں صحیح ہیں اور سبب (R) دعویٰ (A) کی درست وضاحت نہیں ہے۔

(c) دعویٰ (A) صحیح ہے لیکن سبب (R) غلط ہے۔

(d) دعویٰ (A) غلط ہے لیکن سبب (R) صحیح ہے۔

23. پہچان کریں کہ مندرجہ ذیل میں سے کیا ہندوستان میں انسانی وسائل کے فروغ کے مسئلہ سے متعلق ہے؟ 1

(i) ذہین افراد کی قلت (برین ڈرین) (ii) پست تعلیمی معیار

(iii) بڑھتی ہوئی آبادی (iv) سماجی نقطۂ نظر میں تبدیلی

**متبادلات:**

(a) (i) اور (ii) (b) (ii) اور (iii)

(c) (i)،(ii)،اور (iii) (d) (i) اور (iv)

24. مندرجہ ذیل بیانات کو غور سے پڑھیں: 1

**بیان 1 :** خصوصی معاشی خطہ (SEZ) پالیسی کی وجہ سے چین میں لازماً براہ راست غیر ملکی سرمایہ (FDI) کی لہر آئی تھی۔

**بیان 2 :** چین کی تیز رفتار صنعتی ترقی 1981 میں اس کی معاشی اصلاحات کا نتیجہ تھی۔

دیے گئے بیانات کی روشنی میں مندرجہ ذیل میں سے صحیح متبادل کا انتخاب کریں:

(a) بیان 1 صحیح اور بیان 2 غلط ہے۔

(b) بیان 1 غلط اور بیان 2 صحیح ہے۔

(c) بیان 1 اور بیان 2 دونوں صحیح ہیں۔

(d) بیان 1 اور بیان 2 دونوں غلط ہیں۔

25. پہچان کریں کہ ،ماحولیات کے سباق میں، مندرجہ ذیل میں سے کون سا عمل صحیح نہیں ہے؟ 1

(a) وسائل کی فراہمی (b) فضلے کا انجذاب

(c) انحطاطِ آراضی (d) خدمات کی فراہمی

26. پہچان کریں کہ، ‘ورکر-آبادی تناسب’ کا حساب لگانے کے لیے درج ذیل میں سے کون سا فارمولا درست ہے؟ 1

(a) $\frac{\text{کل لیبر فورس}}{\text{کل آبادی}} \times 100$ (b) $\frac{\text{کل ورکرز}}{\text{کل آبادی}} \times 100$

(c) $\frac{\text{کل آبادی}}{\text{کل لیبر فورس}} \times 100$ (d) $\frac{\text{کل آبادی}}{\text{کل ورکرز}} \times 100$

27. مندرجہ ذیل بیانات کو غور سے پڑھیں: 1

بیان 1 : چین کا اولین پنج سالہ منصوبہ 1956 میں شروع ہوا تھا۔

بیان 2 : سوویت یونین (USSR) کی اتباع کرتے ہوئے ہندوستان اور چین دونوں نے سوشلسٹ معیشت کے ماڈل کو منتخب کیا تھا۔

دیے گئے بیانات کی روشنی میں مندرجہ ذیل میں سے صحیح متبادل کا انتخاب کیجیے:


(a) بیان 1 صحیح اور بیان 2 غلط ہے۔

(b) بیان 1 غلط اور بیان 2 صحیح ہے۔

(c) بیان 1 اور بیان 2 دونوں صحیح ہیں۔

(d) بیان 1 اور بیان 2 دونوں غلط ہیں۔

28. موجودہ ماحولیاتی مسائل کے سیاق میں، دی گئی تصویر میں، کرہ ارض (Earth) کی صورت حال کی وضاحت کریں: 3



29. (a) ''ہندوستانی دیہی علاقوں میں ایک خاندان کے کئی افراد کام میں مشغول رہتے ہیں پھر بھی خاندان کی کل آمدنی عام طور پر کم ہوتی ہے۔'' دیے گئے بیان میں مختص بے روزگاری کی پہچان کریں اور اس سے متعلق قولِ بحال (Paradox) کی وضاحت کریں۔ 3

یا

(b) غریبوں کی قرض کی ضروریات کی تکمیل میں مائکرو کریڈٹ سسٹم کے کردار کی وضاحت کیجیے۔ 3

30. ہندوستان اور چین کی مجموعی گھریلو پیداوار میں سالانہ بڑھوتری سے متعلق مندرجہ ذیل معلومات کا موازنہ اور تجزیہ کریں: 4

**مجموعی گھریلو پیداوار کی سالانہ بڑھوتری**

| ملک | 1980 – 90 | 2015 – 17 |
|---|---|---|
| ہندوستان | 5.7 | 7.3 |
| چین | 10.3 | 6.8 |

(ماخذ : ایشین ڈیولپمنٹ بینک، فلپاءنز، ورلڈ ڈیولپمنٹ انڈیکٹر – 2018)

31. (a) (i) نجکاری کا مطلب بیان کیجیے۔ 1

(ii) معاشی اصلاح کے عمل نے زرعی سیکٹر کو بری طرح متاثر کیا ہے۔ تبصرہ کیجیے۔ 3

**یا**

(b) برطانوی اقتدار کے تحت بنیادی ڈھانچے کی ترقی کے پیچھے کنہی دو اہم اسباب کو بیان کیجیے۔ 4

32. قابل قبول دلائل کے ساتھ بیان کیجیے کہ مندرجہ ذیل بیانات صحیح ہیں یا غلط :

(a) زیادہ اونچی پیداواریت اور پیداوار انسانی وسائل میں سرمایہ کاری کا نتیجہ ہے۔ 2

(b) بڑھتی ہوئی آبادی انسانی سرمائے کی تشکیل کا سبب نہیں ہے۔ 2

33. (a) (i) زرعی تنوع کاری کی توضیح کریں۔ 2

(ii) نامیاتی کاشت کے معنی بیان کیجیے۔ اس سے بحث کریں کہ یہ پائیدار ترقی کے فروغ میں کیسے مدد کرتا ہے؟ 4

**یا**

(b) (i) ہندوستان میں خواتین کی تعلیم کو فروغ دینے کی ضرورت پر تبادلہ خیال کریں۔ 3

(ii) مثال کے ساتھ ماحول کی انجذابی صلاحیت کی وضاحت کریں۔ 3

34. مندرجہ ذیل اقتباس کا غور سے مطالعہ کر کے عام واقفیت کی بنیاد پر دیے گئے سوالات کے جواب دیں:

ہندوستان نے عالمی تجارتی تنظیم سے ضابطوں میں نرمی لانے کا اصرار کیا ہے، تاکہ اپنے پبلک اسٹاک سے اُن ممالک کو غذائی اقباس پر آمد کی جاسکیں جو غذائی قلت کا سامنا کر رہے ہیں۔ ہندوستان غذائی عدم تحفظ کو کم کرنے میں مددگار ہو سکتا ہے لیکن WTO کی طرف سے اسے ان ضابطوں میں رعایت دینے میں کچھ ہچکچاہٹ ہے۔

ہندوستان کی وزیر مالیات نے کہا ہے کہ غذائی اشیاء، ایندھن اور فرٹیلائزر عالمی عام اشیاء ہیں اور ترقی پذیر اور اُبھرتی ہوئی معیشتوں کے لیے اُن کی دستیابی کو یقینی بنانا بہت اہم ہے۔ اُنہوں نے ہندوستانکے خاص تجربات مثلاً زرعی پیداوار میں مستحکم منافع، شہریوں پر مرکوز غذائی تحفظ پروگرام اور ایک ملک ایک راشن کارڈ اسکیم مثلاً بھیسو نظام تقسیم پر بھی بات کی۔

(Source : The Economic Times; July 16, 2022)

(a) عالمی تجارتی تنظیم کے کنہی دو اہم مقاصد کو بیان کیجیے۔ 4

(b) ہندوستان کی طرف سے غذائی تحفظ کو مستحکم بنانے کے لیے کیے گئے کنہی دو اقدامات کے نام لکھیں۔ 2